اسلامی نظریاتی کونسل کا دو مرتبہ رکن رہا، چیئرمین بننے کا اہل ہوں، مولانا شیرانی

یکم دسمبر کو اپنے منصب کی ذمہ داریاں سنبھال لونگا جنہیں تحفظات ہیں وہ عدالت جائیں، جنگ سے گفتگو

اسلام آباد (فاروق اقدس، نامہ نگار خصوصی) اسلامی نظریاتی کونسل کے نامزد چیئرمین مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ میں ماضی میں نہ صرف مذہبی امور کی وزارت کا وزیر رہا ہوں بلکہ دو مرتبہ اسلامی نظریاتی کونسل کا رکن بھی رہ چکا ہوں اور اسلامی نظریاتی کونسل کے آئین کے مطابق کونسل کا ہر رکن چیئرمین بننے کا اہل ہوتا ہے اس لئے جن لوگوں کو میرے چیئرمین بننے سے کوئی پریشانی یا تحفظات

باقی صفحہ 6 نمبر 20

بقیہ 20

مولانا شیرانی

ہیں وہ بیشک عدالتوں میں جائیں مجھے اس بات سے کوئی سروکار نہیں۔ وہ اتوار کو کوئٹہ سے فون پر نمائندہ جنگ سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں یکم دسمبر کو اسلام آباد آرہا ہوں اور یکم کو ہی اپنے منصب کی ذمہ داریاں سنبھال لوں گا۔ ایک سوال کے جواب میں مولانا شیرانی نے کہا کہ نوٹیفکیشن میں ذمہ داریوں کے عرصے کا تعین واضح نہ ہونا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی تھی۔ کونسل کے آئین میں چیئرمین کے منصب کی مدت واضح ہے اس لئے اس کی جگہ تا حکم ثانی کے الفاظ غیر مناسب تھے اس لئے اس پر احتجاج کیا گیا تھا۔ ایک اور سوال کے جواب میں مولانا محمد خان شیرانی نے کہا کہ موجودہ عہدے پر میری تقرری کا فیصلہ اس وقت ہوا تھا جب اتحادی جماعیت کی حیثیت سے جے یو آئی کا حکومت میں شمولیت کا معاہدہ ہوا تھا۔ اس معاہدے میں یہ بات واضح تھی کہ اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین کا منصب خالی ہونے پر جے یو آئی کو دیا جائے گا لیکن یہ حکومت کی طرف سے اس معاہدے کی خلاف ورزی تھی کہ پانچ ماہ تک خالی رہنے کے باوجود اس پر جے یو آئی کے نامزدہ کردہ شخص کی تقرری نہیں کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ صورتحال میں جب اس فیصلے پر عملدرآمد کیا گیا تو بعض حلقوں نے اسے ایک مخصوص تناظر میں دیکھا۔